
www.neweramagazine.com
آدھی ملاقات
حنا ارشاد کے ساتھ
NEW ERA MAGAZINE
New Era Magazine

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# آدھی ملاقات

NEW ERA MAGAZINE.com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

## ”حناءارشاد“ کے ساتھ

السلام علیکم۔۔۔

میں ہوں (ماہم بتول) نیوایرا میگزین کے نئے سلسلے "آدھی ملاقات" میں آپ سب کو خوش آمدید ..

آج ہم آپ کی جس لکھاری سے ملاقات کروانے جارہے ہیں وہ تقریباسوشل لکھاریوں میں سے سب کی پسندیدہ لکھاری ہیں جن کو آپ اور ہم سب سوشل لکھاری کے طور پر پڑھتے ہیں ایک لکھاری کا لکھا ہوا ہر لفظ اس کی پہچان ہوتا ہے ایسے ہی انہوں نے اپنے لفظوں اور اپنی کہانیوں سے سب کو اپنا گرویدہ بنالیا ہے اور آج انہیں کون نہیں جانتا جی ہاں ہم بات کررہے ہیں

# "حناءارشاد"

کی آیئے آج ہم ان سے کچھ باتیں کرتے ہیں اور ان کے بارے میں جانتے ہیں۔

سوال. اسلام علیکم حنا کیسی ہیں آپ؟

وعلیکم اسلام! الحمدللہ! میں آپ کی دعاؤں سے ٹھیک ہوں۔آپ سنائیں کیا حال ہے؟

اللہ کا شکر میں بھی ٹھیک ٹھاک 😊 😊

سوال. آپ اپنے بارے میں اور اپنی فیملی کے بارے میں کچھ بتائیں؟

جی الحمدللہ میں ایک مڈل کلاس کے راجپوت خاندان سے تعلق رکھتی ہوں۔میرا نام حناءارشاد ہے۔پیار سے پھپھو کی بیٹیاں ہنی پکارتی ہیں۔میرے خاندان میں امی جی'دو بڑے بھائی اور تین بہنیں ہیں۔

NEW ERA MAGAZINE
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

سوال. آپ اپنی ہابیز اور پسند ناپسند کے بارے میں بتائیں؟

جی میرا کوئی خاص مشغلہ نہیں سوائے سب کا دماغ کھانے کے۔خبردار ایسا تصور بھی کیا تو؟ بھئی میں باتونی لڑکی ہوں۔میں اپنے آنگن کی رونق ہوں۔ایسا میں سوچتی ہوں۔ گھر والے تو مجھے رولا کہتے ہیں۔اگر کبھی غلطی سے چپ ہو جاؤں تو کہتے ہیں کہ ہر طرف سکون ہے۔خیر تو ہے؟ کہیں رولا تو کہیں نہیں گیا یا طبیعت خراب ہے؟ جناب مجھ معصوم کو بولنے پہ خود مجبور کر کے کہتے ہیں کہ میں رولا ہوں۔ہے نہ یہ 20صدی

کامیر اسب سے بڑا غم ؟ایک منٹ !آپ یہ مت سوچنا کہ میں اتیج کو نشیس ہوں۔اگر شادی سے پہلے مرد لڑکے ہی رہ سکتے ہیں تو ہم لڑکیاں کیوں نہیں ؟ چلیں جی اگر آپ سے لڑکی ہضم نہیں ہوا تو میں خاتوں بن جاتی ہوں۔ کھانے میں بریانی بالکل پسند نہیں۔اگر ایک چمچ بریانی کھاؤں تو آدھا گلاس پانی پی لیتی ہوں۔آئس کریم مرتی بھی ہوں تو کھالوں گی۔اوہ سوری ماشاءاللہ کہنا بھول گئی ہوں۔ کہیں خود کی ہی نظر نہ لگ جائے۔

سوال.مزاجاً کیسی ہیں آپ؟

کسی زمانے میں ہم خوش گفتار تھے<br>
چھوڑ گئے جب سے ہمیں وہ<br>
پھر کبھی ہم متلون مزاج ہیں<br>
کبھی غم شناس ہیں<br>
کبھی خود سے انجان ہیں<br>
کبھی باغی کبھی مستقل مزاج ہیں<br>
بس نہیں ہیں تو اے دنیا

تیرے مزاج کے نہیں ہیں ہم

از قلم حناءارشاد

سوال۔ سادگی پسند ہے یا بننا سورنا؟

مجھے سادگی پسند ہے لیکن کبھی کبھی روٹین سے ہٹنا بھی غلط نہیں ہوتا

سوال۔ آپ کی تعلیم کیا ہے؟

میں نے ایم-اے ایجوکیشن کیا ہے۔

NEW ERA MAGAZINE
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

سوال۔ آپ کہاں رہتی ہیں؟

میں اسی زمین پہ رہتی ہوں۔ہاہاہاہا! میں پنجاب کے شہر فیصل آباد میں رہتی ہوں۔

سوال۔ لکھنے کی جانب کیسے آئیں؟ سفر کیسے شروع ہوا؟

جب کبھی کسی کا لکھا ہوا پڑھتی تھی تو لگتا تھا کہ شاید وہ کسی اور سیارے کی مخلوق ہے۔

جب کبھی خوش یا پریشان ہوتی تھی تو کچھ نہ کچھ لکھ لیتی تھی لیکن پھر کچھ ہی دیر بعد پھاڑ

دیتی تھی۔ پھر دسمبر میں "یاد" پوئٹری لکھی۔ کبھی حوصلہ نہیں ہوا کہ کہیں شائع ہونے کے لیے بھیجوں۔ پھر ایک دن میری بہن نے کہا کہ کوشش کرو۔ پہلے تو یہ بات آئی گئی کر دیتی تھی لیکن جب ہوا لاک ڈاؤن تو فیس بک کا استعمال بھی کثرت سے بڑھا۔ پھر کیا بس بار بار آنکھوں سے گزرتی کتاب نگری ویب پہ نظر جاتی تو دل کہتا کہ کوشش کر ہی لوں۔ یہاں سے میرا جون میں شروع ہوا لیکن میں دو ہستیوں کی دل کی گہرائیوں سے قدر کرتی ہوں جن میں پہلی ہستی سامعہ چوہدری ہے اور دوسری ماہم بتول.

NEW ERA MAGAZINE.com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

سوال پہلی تحریر کونسی تھی؟

"خواب 'خواہش 'زندگی" افسانہ تھا۔ جو کہ میں سامعہ ہی کی وجہ سے لکھ سکی ہوں۔

سوال. جب لکھنا شروع کیا تو گھر والوں کا کیا ردِ عمل تھا؟ سپورٹ کی یا مخالفت؟

گھر والے کہتے ہیں کہ نہ حاصل نہ وصول بس فضول میں ٹائم پاس کرتی ہو۔

سوال. آپ کب سے لکھ رہی ہیں؟

شاعری جون میں شروع کی جب کہ پہلا افسانہ 6 اگست 2020 کو لکھا۔

سوال. کیا آپ ہمیشہ مصنف بننا چاہتی تھی؟

ہمیشہ کے لیے تو کچھ بھی نہیں ہوتا۔

سوال. آپ کی رائے میں، اچھی تحریر کے سب سے اہم عناصر کیا ہیں؟

جس میں حقیقی زندگی کے رنگ تو موجود ہوں لیکن سبق آموز بھی ہو۔

NEW ERA MAGAZINE.com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

سوال. آپ اپنے پلاٹ اور کردار کو کس طرح تیار کرتی ہیں؟ پہلے کیا آتا ہے پلاٹ یا کردار..

کبھی پلاٹ کو تو کبھی کردار کو۔

سوال. آپ نے پہلی بار خود کو مصنف کب سمجھا؟

کبھی بھی نہیں سمجھا اور نہ ہی مانتی ہوں۔

سوال. دن کے کس وقت آپ عام طور پر لکھتی ہیں؟
دن میں نہیں لکھتی۔

سوال. کیا آپ اپنے قارئین سے بہت کچھ سنتے ہیں؟ وہ آپ کی تحریروں کے بارے میں کیا کہتے ہیں؟
پہلا سوال یہی ملا تھا کہ بولڈ کیوں نہیں لکھتی۔

سوال. عام طور پر، آپ لکھنے میں کتنا وقت گزارتی ہیں؟
کوئی مخصوص وقت طے نہیں کیا۔

سوال. آپ نے کتنے ناولز لکھے ہیں؟ آپ کا پسندیدہ کون سا ہے؟
ایک افسانہ 'ایک ناول اور اب ایک جاری ہے۔
ہائے اللہ جی! ہماری وکیل صاحبہ تو آج سارے راز ہی کھول رہی ہیں۔
آج نا جانے وکیل صاحبہ کو مجھ پہ شاید کوئی شک ہو گیا ہے۔

NEW ERA MAGAZINE
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

ہوسٹ:(وکیل ہوں اور وکیل کی نظر سے کیا کچھ چُھپا ہے

کبھی 😂😂😂😂مزاق کررہی ہوں)

خیر مجھے کیا؟

میں تو نہیں چپ بیٹھ سکتی۔

ہوسٹ:(تو حناء جی آپ کو کس نے کہا ہے خاموش رہیں( 😂😂

سب سوالوں کے جواب دوں گی۔میں ڈرتی تھوڑی ہوں۔

آخر سب بڑوں نے راج کیا اور ہم اب پوت ہیں۔

!ہاہاہاہاہاہا

(😂😂😂😂)

میرا اپنا لکھا پسندیدہ ناول "روشنی میری ہم راز ٹھہری" ہے۔جو کہ ماہم بتول کے کہنے پہ لکھا تھا۔جی! بالکل اپنی معصوم سی وکیل صاحبہ کا ہی ذکر کر رہی ہوں۔یہ وکیل ہونے کے ساتھ اچھی خاتون بھی ہیں۔ارے'ارے! بھئی غصہ نہیں کرنا۔میں جانتی ہوں کہ آپ بھی میری طرح کیوٹ سی لڑکی ہیں لیکن وہ کیا ہے نہ' آپ کے ساتھ وکیل صاحبہ بھی تو لکھا ہے۔

باقی پریشان نہ ہوں۔میں آپ کو لڑکی ہی کہہ دیتی ہوں۔خبردار کسی نے انہیں خاتون کہا؟بیشک وہ ہوں بھی تو آپ کو کیا؟۔

ہوسٹ:(بالکل صحیح کہا میں تو کیوٹ سی لڑکی ہوں( 😂😂

سوال.آپ کا پسندیدہ کردار کون ہے؟کیا آپ کا پسندیدہ کردار ہے جو آپ نے لکھا ہے؟اگر ایسا ہے تو، کون؟اور انہیں کیا خاص بنا دیتا ہے؟

خیر میرے اپنے لکھے ہوئے کرداروں میں میرا پسندیدہ کردار "لمحہِ زیست" سے عدن کا ہے۔جو سب کھو کر بھی آخر تک صرف اپنے رب وتعالیٰ پہ توکل کرتی ہے۔وہ ہر تاریخ پہلو میں اجالے کو ڈھونڈ لیتی ہے۔

سوال.اپنی پہلے ناول کے بارے میں بتائیں؟سفر کیسا تھا؟

جب میرا پہلا افسانہ شائع ہوا تھا۔وہ میرا بے یقینی کا سفر تھا۔میں نے وہ کتاب نگری پہ مقابلے کے لیے لکھا تھا۔جو کہ پانچویں نمبر پہ رہا۔جسکا رزلٹ 13 کو آیا تھا۔یقین جانیں میں پوری رات سو نہیں سکی تھی۔

سوال. آپ کا پسندیدہ مصنف کون ہے اور کیوں ؟اب آپ کیاپڑھ رہی ہیں ؟فی الحال ایسی کونسی کتاب ہے جسے آپ پڑھناچاہتی ہیں ؟

میرا پسندیدہ مصنف میں خود ہوں۔ بھئی شاکڈ نہ ہوں۔

آج کے دور میں نفسا نفسی ہی کا عالم ہے۔

اگر میں نے خود کو پسند کیا'تو کیا خاص کیا؟۔

!ہاہاہاہا

میں اپنی ذات میں ہوں اک الگ بھاشا

کچھ انوکھی سی آشنا

از قلم حناءارشاد

میری خواہش ہے کہ میں قرآنِ پاک کو سمجھ کے پڑھوں اور پھر اللہ پاک مجھے اپنے راستے پہ چلنے کی توفیق عطا کرے۔

سوال. آپ کس مشہور مصنف کی خواہش کرتے ہیں کہ آپ اپنا سرپرست بنیں ؟اگر آپ کسی کامیاب مصنف سے ان کی تحریری، تحریری عمل یا کتابوں کے بارے میں تین سوالات پوچھ سکتے ہیں تو وہ کیا ہو گا؟

کوئی بھی نہیں اور نہ ہی کبھی کوئی سوال پوچھنے کا ذہن میں آیا۔

سوال. کامیابی آپ کے لئے کیا معنی رکھتی ہے؟ کامیابی کی تعریف کیا ہے؟ کیا آپ کا کل وقتی کیریئر لکھنا ہے؟ یا وہ جو آپ چاہیں گی؟

میرے لیے کامیابی معنی نہیں رکھتی۔ لکھنا شوق ہے جنوں نہیں۔ اگر کوئی خاص فرد کہہ دے کہ چھوڑ دو تو بنا سوچے چھوڑ دوں گی۔

میرے راہ میں اگر آ جائے کوئی اچانک مسافر تو کیا
اگر ہو وہ خاص تو
پھر میں خود کی بھی کیا
از قلم حناءارشاد

دل سے کسی کام میں خوشی و اطمینان محسوس کرنا کامیابی ہے۔

اف اتنی راز کی باتیں پوچھ رہی ہیں۔ جائیں کیا یاد کریں گی بتا دیتی ہوں۔ لکھنا شوق ہے۔ جبکہ جس میں کیریئر ہو وہ شوق نہیں بلکہ ضرورت ہوتا ہے۔

سوال. کوئی ایسی ساتھی رائیٹر جس کا کام آپ کو بہت پسند آیا ہو اور آپ سمجھتی ہیں کہ وہ بہت اچھا لکھ رہی ہیں؟

سب ہی اچھا لکھتی ہیں۔

سوال. شاعری میں کس کس کو پڑھتی ہیں کس کا کلام پسند ہے کوئی فیورٹ شاعر؟اپنی کوئی فیورٹ شاعری جو شیئر کرنا چاہتی ہوں؟

شاعری کبھی نہیں پڑھی۔اپنی ہی لکھی ہی پڑھ کے خوش ہوتی ہوں۔اسلیے اپنی ہی شیئر کر سکتی ہوں۔

"حقیقی منزل"

سر ہوئے قلم عشق میں

اگر تیرا ہوا تو بتا

کیا اس میں تیرا کمال ہے

روبرو ہو محبوب تو

ہر کام عام ہے

پھر ہر شام خاص ہے

NEW ERA MAGAZINE
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

عشق ہے اک لفظ

حرف حرف توڑ وب گیا

یہ تو نصیب 'نصیب کی بات ہے

ع: عطا ہے رب کی

ش: شاخوں سے ہے نہ جدا کوئی

ق: قائل ہے ہم دل و دماغ سے

پھر ہر منظر خاک ہے

پھر میں بھی اس میں راکھ ہے

از قلم حناءارشاد

سوال. کوئی ایسی تحریر جس کو بار بار پڑھا ہو؟

جس میں ہیرو یا ہیروئن مر جائیں یا جدا ہو جائیں۔ہاہاہا !

سوال. ایک لکھاری کا کیا فرض ہے؟

ایک لکھاری کا فرض ہے کہ وہ ہر کردار کے ساتھ انصاف کرنے کی کوشش تو کرے '
ساتھ ہی کچھ نہ کچھ ایسا سبق دے۔جو سبکی زندگی میں کام آئے۔

سوال.اگر آپ کو اپنے آپ کو تین الفاظ میں بیان کرنا ہو تو وہ کیا ہو گا؟
میں کوئی حرف نہیں
جسے تم پڑھو یا لکھو
میں کوئی جملہ بھی نہیں
جسے تم کہہ دو
میں تو ایک یاد کے ساتھ سبق ہوں
جو تمہاری زندگی میں ہمیشہ رہے گا
از قلم حناءارشاد
اب آپ فیصلہ کریں کہ میں کیا ہوں؟
چلیے جی کیا یاد کریں گی کہ کبھی ہم بھی سب سوالوں کے جواب تھے۔
1) باتونی
2) جذباتی

NEW ERA MAGAZINE
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

(3 صاف گو یعنی خطرناک حد تک منہ پھٹ

سوال۔اگر آپ کو دنیا گھومنے کا موقع ملے تو آپ کہاں جانا پسند کریں گی؟
مجھے سیر سپاٹا نہیں پسند۔بیشک آپ مجھے سست و کاہل ہی کہہ لیں لیکن میرا ماننا ہے کہ سیر سپاٹا ضروری تو نہیں۔اگر بس انجوائے کرنا ہے تو اپنی پسندیدہ ہستی کے ساتھ ایک کپ چائے سے بھی کر سکتے ہیں اور یہ میرا ذاتی تجربہ ہے۔میں نے ایک کپ چائے کے ساتھ ڈھائی گھنٹے تک قہقے لگائے ہیں۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

سوال۔اگر آپ کسی کو دعوت پر بلائیں تو کیا کھانا بنائیں گی۔؟
میں کھانا نہیں بناتی یعنی ہانڈیاں۔میں صرف وہ پکاتی ہوں 'جو مجھے پسند ہے۔
مجھ سے روٹی بنوالو 'صفائی کروالو اور سب سے اہم بات باتیں کروالو بس۔اگر گھر پہ بھی دعوت ہو تو میں ڈیل کرنے کے فرائض ادا کرتی ہوں۔

سوال۔ بچپن کی کوئی شرارت یا کوئی یاد جو آپ بتانا چاہیں اپنے فینز کو؟

میرا بچپن آج بھی سب یاد کر کے ہنستے ہیں۔میں بہت باتونی اور سیدھی سادی تھی۔

آپ یقین کریں کہ اب میں خود بھی اپنی حرکتوں پہ ہنستی ہوں۔

میرے چاچو بہت غصیلے ہیں لیکن میں نے آج تک انکا صرف غصہ ہی دیکھا ہے 'پر کبھی بھی محسوس نہیں کیا۔ بھئی آخر میں انکی لاڈلی ہوں۔

میرے چاچو سنار ہیں۔ایک دفعہ چاچو کو کوئی زیور بنانے کا آرڈر ملا تو وہ دو دن اور دو راتیں لگا کر آئے تھے۔

انکے گھر بے حد شور ہوتا تھا۔ جسکی وجہ سے وہ سونے کے لیے ہمارے گھر آئے۔انہیں سوئے کچھ ہی دیر ہوئی تھی کہ مجھے میری کزن نے شرارت میں کہا کہ جاؤ اور اپنے چاچو سے پوچھو کہ کیا وہ جاگ رہے ہیں؟

میں نے بھی بڑی رازداری سے کہا کہ امی اور چاچو نے کہا تھا کہ انہیں تنگ نہیں کرنا۔

خیر مختصر قصہ یہ:

میری کزن نے کہا کہ بھلا کوئی ایسے سو سکتا ہے 'جسے چاچو سوئے ہیں۔جب میں نے غور کیا تو فوراً سچ بھی مان لیا کیونکہ ایک ٹانگ پہ دوسری ٹانگ رکھ کے سونا مجھے بھی ناممکن لگا تھا۔آج سوچوں تو بس نادانی محسوس ہوتی ہے۔

ہر انسان کے سونے کا الگ سٹائل ہوتا ہے۔ خیر تب چاچو کو جھنجھوڑ کے اٹھا ہی دیا۔ انہوں نے غصے میں آنکھ کھولی۔ایک دفعہ تو میں بھی ڈر گئی لیکن اللہ پاک نے میرے لیے انکے دل میں جو میرے لیے محبت ڈالی تھی' وہ کام آگئی۔ مجھے دیکھتے ہی چاچو نے ٹھنڈی سانس بھری اور پوچھا کہ ہاں جی پتر ؟لو پھر کیا؟میں نے بھی کہہ دیا کہ چاچو آپ سو رہے تھے ؟انہوں نے کہا کہ پہلے سو رہا تھا لیکن اب جاگ رہا ہوں۔ہاہاہاہا!تب بالکل سمجھ نہیں آیا کہ کیا مطلب ہے ؟ہم نے بھی اپنے ازلی ڈھیٹ پن سے کہہ دیا کہ اگر جاگ رہے ہیں تو اٹھے اور میرے ساتھ کھیلے۔چاچو بھی بنا شکن کے اٹھے اور میرے ساتھ کھیلنا شروع کر دیا۔یوں میری محبت کی مثال بھی قائم ہو گی۔سب کے ارادے فیل بھی ہوئے اور منہ بند بھی ہوئے۔

سوال. کس رائیٹر کو آپ فالو کرتی ہیں آج کل کس رائیٹر کو پڑھ رہی ہیں ؟

میں آجکل مطالعہ نہیں کر رہی ہوں اور میری گندی عادت ہے کہ میں کسی کو فالو نہیں کر سکتی۔

سوال. حال ہی میں آپ نے کونسی اور کس رائیٹر کی کتاب پڑھی ہے اور اس میں کیا سیکھنے کو ملا؟

"جس سج دھج سے مقتل گیا"

اس میں مجھے یہ بہت اچھا لگا کہ مرنا تو سب نے ہے تو کیا نہ کچھ ایسا کیا جائے کہ آپ کے بعد سب آپ کو دعاؤں میں یادر کھے۔

انسان جیئے بھی شان سے اور مرے بھی شان سے۔

مان اگر تو نے خود پہ کیا تو کیا 'کیا

زندگی اپنی میں 'میں جیا تو کیا جیا

مانوں میں شان تیری تب

جب مان تیرا کسی نے پورا کیا

از قلم حناءارشاد

سوال. اگر آپ رائیٹر نہ ہوتی تو کیا ہوتی؟

میں خود کو اب بھی ایک لکھاری تصور نہیں کرتی۔ میں ایک اچھی انسان بن جاؤں تو کیا بات ہے؟

سوال. آپ نے اپنی پہلی تحریر کون سے پلیٹ فارم پر دی؟

کتاب نگری ویب پہ دی۔

سوال. اپنی لائف کا کوئی فنی یا انٹرسٹنگ واقع جو آپ اپنے فینز سے شیئر کرنا چاہتی ہوں؟

ایک واقعہ میں بھی شئیر کرنا چاہوں گی۔ ہو سکتا ہے یہ سب واقعات آپ کے لیے کچھ نہ ہوں لیکن میرے لیے انمول ہیں۔

اف ایک تو میں حساس بہت ہوں۔ میں کسی کو بھی تکلیف میں نہیں دیکھ سکتی تھی۔ جسکی بنیادی وجہ میری امی جان کا یہ کہنا تھا کہ اگر مشکل میں کوئی دشمن بھی ہو تو سب بھول کر اسکی مدد کرو۔ تم مت سوچو کہ اس نے کیا' کیا ہے؟ بلکہ یہ سوچو کہ تم نے کیا' کیا؟ بس اس بار تو سامنے میری بہن مصیبت میں تھی۔ پھر آخر میں اسکی مدد کیوں نہیں کرتی۔ بس یہی سوچ آتے' مجھے طاقت ملی اور میں ایک بار' دو بار' تین بار' آخر چو تھی بار اسکی مدد کرنے میں کامیاب ہو ہی گئی۔

بس تب میں نے اپنی بہت برداشت آزمالی تھی اور آخر کار اسکو ختم کرنے کے لیے میں بالکل الرٹ تھی۔ اس سے پہلے وہ اب اسکی اور بڑھتا' میں نے اپنا پورا زور لگاتے ہوئے

اپنا ہاتھ گھوما دیا۔ پھر کیا مچھر تو حملہ کرتے ہی مر گیا اور میری بہن سوتے سے تیزی سے جاگی اور مجھے خونخوار نظروں سے گھورنے لگی' ساتھ ہی امی کو آواز لگائی۔ امی آئی تو ایک بڑا سے لیکچر ادب پہ دیا۔ پھر کیا جناب! میں نے بھی آخر میں بتا ہی دیا کہ میں نے بہن کو نہیں بلکہ مچھر کو مارا ہے۔ آخر آپ خود سوچیں کہ کیا میں اتنی بے ادب ہو سکتی ہو۔ نہیں نہ' کیونکہ میں جانتی ہوں کہ بڑی بہن کا کیا مقام ہے۔

آئندہ کے لیے نصیحت پلو سے باندھ لی کہ ہر انسان کی مدد نہیں کی جا سکتی۔ کچھ لوگوں کا صرف ادب ہی کیا جا سکتا ہے۔

NEW ERA MAGAZINE.com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

سوال. زندگی کیا ہے؟

زندگی ایک مسلسل سمندر کا تیز لہروں میں بہتا ہوا پانی ہے جو چاہ کر بھی سارا اہم قید نہیں کر سکتے۔ زندگی گر کر اٹھنے کا نام ہے۔ زندگی جسم و جان کی موت سے پہلے کی سانس کا نام ہے۔ زندگی مسکرانے کا نام ہے۔ زندگی مسلسل جدوجہد کا نام ہے۔ زندگی اللہ پاک پر یقین کا نام ہے۔ زندگی معجزوں کا نام ہے۔ زندگی جینے کا نام ہے۔ زندگی معاف کر دینے کا نام ہے۔

سوال. زندگی کا کل اثاثہ ؟

زندگی کا کل اثاثہ میرا خاندان 'میرے رشتے ہیں۔

حناءازا نکمپلیٹ ود آؤٹ ارشاد۔

سوال. زندگی کا سب سے عزیز رشتہ ؟

والدین

سوال. محبت پر یقین رکھتی ہیں؟

بالکل۔

ارے غلط نہیں سوچنا۔ میں محرم محبت پہ یقین کرتی ہوں کیونکہ محبت تو وہی ہے جو غلط راہ پہ نہ لیکر جائے۔

وہ مجھ سے سبب پوچھتے ہیں بے فکر رہنے کا

انہیں کیا معلوم میں محرم رشتوں کی محبت کے حصار میں ہوں

از حناءارشاد

NEW ERA MAGAZINE
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

سوال. دوستی کیا ہے؟

دوستی پہ اب یقین نہیں رہا۔ یہ ایسی سواری ہے۔ اگر اچھی مل جائے تو منزل پہ پہنچاتی ہے۔ اگر اچھی نہ ملے تو برباد کر جاتی ہے۔

سوال. آپ اپنے مسائل کس سے شئیر کرتی ہیں؟

امی کے بعد اپنی بہن سمیرا سے۔ وہ گہرا سمندر ہے۔ جو مرضی کہہ دو' بات ادھر سے ادھر نہیں جاتی۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

سوال. کس چیز سے شدید نفرت ہے؟

آج تک کسی چیز سے نفرت نہیں کی۔ ایک دو دفعہ اس جذبے کو محسوس کرنے کے لیے دعا کی تو امی سے بہت ڈانٹ سنی تھی۔

سوال. اچھی یا بُری خبر سب سے پہلے کسے سُناتی ہیں؟

وقت پہ منحصر ہے۔

سوال. کوئی ایسی بات جس پر پچھتاوا ہو؟

بہت سی۔

سوال. کوئی ایسی بات جس پر چڑ ہو؟

اگر کوئی کزن یا سہیلی مجھے اپنی اجارہ داری سمجھے۔نہ میں قید ہوتی ہوں نہ ہی کرتی ہوں۔

سوال. آپ کی اچھی یا بُری عادتیں؟

ماہم اتنے راز نہ کھولیں۔ باخدا میرے دشمن الرٹ ہو جائیں گے۔اچھی اور بری عادت میرا اباتونی اور ہر بات منہ پہ کہہ دینا ہے۔

(😂😂)

سوال. کسی کی بری بات یا بری عادت دیکھتی ہیں تو منہ پر کہہ دیتی ہیں یا نہیں یا پھر بس دل میں غصہ کرتی ہیں؟

سب منہ پہ کہہ دیتی ہوں۔

میں وہ نہیں جو ڈرتی ہوں

میں وہ ہوں جو سچ پہ چپ رہتی نہیں

از حناءارشاد

سوال. غصہ آتا ہے اور کس بات پر سب سے زیادہ غصہ آتا ہے؟

غصہ بس آنا ہے تو آہی جانا ہے۔بغیر وجہ کے بھی آسکتا ہے۔

سوال. کسی کو کوئی نصیحت کرنی ہو تو کیا کریں گی؟

اب کوشش کرتی ہوں کہ نہ ہی کروں۔

سوال. موسم کونسا پسند ہے؟

بہار

سوال. فارغ اوقات میں کیا کرتی ہیں؟

آرام۔ہاہاہاہا! بندہ یہی کرتا ہے۔

موبائل کا وافر استعمال۔

سوال. آج کل کیا مصروفیات ہیں؟

فارغ

سوال. آپ ابھی کتنے پلاٹس آئیڈیاز پر کام کر رہی ہیں کیا آپ ہمیں اپنے فیوچر پراجیکٹس کے بارے میں کچھ بتانا چاہیں گی؟

پلاٹس اور آئیڈیاز تو چلتے ہی رہتے ہیں۔اب دیکھو پایا تکمیل ہوتے ہیں یا نہیں۔

کچھ باتیں ہیں اگر ضروری تو

کچھ راز بھی ہیں ضروری

از حناءارشاد

NEW ERA MAGAZINE
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

سوال. اور آخر اپنے ریڈرز کو کیا پیغام دینا چاہیں گی؟

زندگی ہے اک مختصر قصہ

کبھی ہنس دو

کبھی گنگنا لو

کبھی جی لو

کبھی منوالو

کبھی کھو کے سب پالو

زندگی کی شاہراہ پہ ملے گی بہت سی راہیں

بس سب بیشک کھو دو لیکن عزت کو پالو

از حناءارشاد

شکریہ سامعہ چوہدری' اگر آج میں انٹرویو دینے کے قابل ہوئی ہوں تو آپ کی وجہ سے ہی ہوئی۔ پھر بہت شکریہ ماہم کا جنہوں نے اپنے قیمتی وقت سے مجھے وقت دیا۔
بھئی شکریہ سب کا جو مجھے ہمیشہ سے کہتے تھے کہ تم لکھو' تم لکھ سکتی ہو؟ پر ہائے میرا ڈھیٹ پن! میں ہلی بھی تب جب دل نے اجازت دی۔ آخری اور جاندار ہٹ سامعہ کی تھی۔ شکریہ آپ س سب کا جن کا میں نے قیمتی وقت لیا۔ اسپیشل تھینک یو میرے والدین میری بہن سمیرا اور ساری فیملی ممبر کو۔
میں اپنے ریڈرز کو یہ میسج دوں گی کہ اپنی فیملی اور عزت سے بڑھ کر کوئی شوق و جنون نہیں۔

کامیابی کے راستے بہت سے مل جائے گے لیکن عزت حاصل کرنے کے لیے بہت کم مواقع پائیں گے۔

حناء آپ کا بہت بے حد شکریہ..

آپ سے بات کر کے اور آپ کے بارے میں جان کر ہمیں بہت اچھا لگا.

اور بہت ہی مزے دار آپ کی باتیں تھی یونہی ہنستے رہیں مُسکراتے رہیں اور خوب ترقی کریں 😂😂

اور اس کے ساتھ ہی ہمارا یہ انٹرویو اختتام پر پہنچتا ہے

**************

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

جی تو ناظرین و حاضرین و سامعین و قارئین مجھے تو حناءارشاد کے بارے میں بہت کچھ جاننے کو ملا ہے اور ساتھ ہی ساتھ بہت لطف بھی آیا یقیناً آپ کو بھی بہت لطف آیا ہو گا۔ ہم حناءارشاد کے مشکور ہیں جنہوں نے ہمارے لیے اپنے قیمتی وقت میں سے وقت نکالا اور ہمیں اپنے بارے میں جاننے کا موقع دیا۔ اس کے ساتھ ہی ہم اپنی آج کی آدھی ملاقات کا اختتام کرتے ہیں اب ہم جلد ہی ان شاءاللہ پھر حاضر ہوں گے کسی اور مصنف/مصنفہ کے ساتھ۔ اب ہمیں اجازت دیجئیے۔

اللہ حافظ

ادارہ: نیو ایرا میگزین

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

ختم شد

ہمیں اپنی ویب نیوایرا میگزین(New Era Magazine)کیلئے لکھاریوں کی ضرورت ہے۔اگرآپ ہماری ویب پر اپناناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،آرٹیکل،شاعری،پوسٹ کروانا چاہیں تو اردو میں ٹائپ کر کے مندرجہ ذیل ذرائع کا استعمال کرتے ہوئے ہمیں بھیج سکتے ہیں۔

(Neramag@gmail.com)

(انشااللہ آپ کی تحریر ایک ہفتے کے اندر اندر ویب پر پوسٹ کر دی جائے گی۔مزید تفصیلات کیلئے اوپر دیئے گئے رابطے کے ذرائع کا استعمال کر سکتے ہیں۔

شکریہ ادارہ: نیوایرا میگزین

NEW ERA MAGAZINE.com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews